UNITED NATIONS, Oct. 21: Pakistan's Foreign Secretary, Mr. Iftikhar Ali, said here yesterday there was increasing realisation among delegates that a debate at this stage on the Yugoslav-proposed agenda item for admission of Bangladesh to the U.N. would not serve any purpose.

That is why no body is pressing for an early debate, he added.

Over the last three days, the Foreign Secretary has had a series of meetings with heads of delegations of China, United States, Britain, France, Soviet Union, Yugoslavia and Libya, explaining to them Pakistan's case on the problems of the Sub-Continent.

He had talks yesterday with the United Nations Secretary-General, Dr. Kurt Waldheim, and the General Assembly President, Mr. Stanislaw Trepczynski.

"I am very satisfied with my talks here," he said. His impression was that the delegates felt that an acrimonious debate on Bangladesh admission would be counter-productive.

Later, the Secretary-General was a luncheon guest of the Foreign Secretary at Ambassador Akhund's residence.

Mr. Iftikhar Ali is due to leave for Washington on Oct. 26 from where he flies to Tokyo for talks with the Japanese Government. Before flying home, he will make a short visit to Jakarta as President Bhutto's special envoy and deliver a letter to Indonesian President Suharto.

LISTEN TO OUR RADIO PROGRAM "SADA-E-PAKISTAN"- SUNDAYS AT 8-8.30 P.M. ON CHIN F.M. 101

Indian Foreign Minister said in an interview that once the troop withdrawals are completed, or "even during the withdrawals", the stage would be clear for another round of talks between the two countries "at any level and at any place". (Dawn)

Where NOC is not needed

Returning employees returning residents holding clearance from U.K. embassies returning emigrants and their families on their visit to Pakistan on home leave and returning to their places of employment abroad do not need any 'no objection certificate' either from the Bureau of Emigration or the Provincial Home Department or even the Interior Division of the Government of Pakistan.

An official Press release issued in Lahore on Saturday said persons going abroad for the first time for emigration and their families would however, continue approaching the Bureau of Emigration in Karachi for clearance.

Persons going abroad for the first time on obtaining employment on their own and the dependants proceeding abroad for the first time to join the persons employed abroad will get the NOCs from any of the regional employment exchanges located at Lahore, Multan, Rawalpindi and Lyallpur.

IF YOU ARE NOT GETTING THE PAPER REGULARLY, PLEASE WRITE US. REMEMBER WE WOULD'NT KNOW UNLESS YOU TELL US. ANY SUGGESTIONS? DO WRITE.

Pakistanis rallies in Washington

NEW YORK, Oct. 21: A large number of Pakistanis in Washington staged a demonstration before the White House and near the Indian Embassy to protest against the killing of Pakistani prisoners of war in Indian camps, according to a report received here today.

They later handed over a memorandum to the Republican and Democratic National Committees saying that the Indian authorities were not honouring the assurance given by Indian Chief of Staff at the time of surrender that the Pakistani POWs would be treated with dignity and respect.—

India, Pakistan deadlocked on truce line

NEW DELHI Oct.23 – A series of talks between senior military commanders of India and Pakistan on the demarcation of a new truce line in Kashmir has ended in deadlock, the Indian Defence Ministry announced Saturday.

It said fresh difficulties had cropped up at the talks at the Indian border post of Suchetgarh and that these would have to be sorted out—apparently at a higher level—before discussions could be resumed.

The deadlock comes only fours days after an Indian Defence Ministry statement that army commanders had taken decisions and surveyors were marking these out on maps.

B.B.C.(Oct.30)- FOUR MORE PAKISTANI P.O.W.'s HAVE BEEN KILLED BY INDIA. PAKISTAN HAS AGAIN STRONGLY PROTESTED.

Mr.Nasim Ahmad, overseas correspondent of the DAWN, Karachi has been appointed Information Secretary, Government of Pakistan.

****

Mian Mahmood Ali Kasuri, until recently Minister of Law and Parliamentary Affairs in the Central government has been implicated in an alleged murder case. He and his two sons were granted bail before arrest by the chief justice of the Panjab High Court.

****

Miss Kanez Yousuf has been appointed Vice-Chanceller of the University of Islamabad. She is the first women to hold this position in Pakistan.

****

بزمِ خواتین



ادب

جدائی کی پانچویں سالگرہ

امجد اسلام امجد

جی میں ہے آج کی شب اس کے لئے جاگ کے کاٹی جائے
وہ جو آنکھوں سے پرے
اجنبی دیس کی گمنام ہواؤں میں کہیں بیٹھی ہے!
یہ محبت کے لئے یہ بھی ضروری ہے کہ میں
اس کے چہرے کو خدوخال میں لا کر دیکھوں
سچ تو یہ ہے کہ مجھے یاد نہیں
اس کی جبیں کیسی تھی!
ہونٹ کیسے تھے! بدن کیسا تھا! آنکھیں کیا تھیں!
بس یہی یاد ہے وہ جیسی نظر آتی تھی
اس سے کہیں اچھی تھی
یہ مہ و سال کا طوفان بہت ظالم ہے
وہ اگر پاس نہیں ہوتی تو کسے علم ہے کیسی ہوتی!

یوں تو ہر رات مرے دل پہ گراں کٹتی ہے
پھر بھی اے بھولے ہوئے تو ہی بتا
غم کی زنجیر بھلا
جاگنے سوچتے رہنے سے کہاں کٹتی ہے!
یہ جو آہٹ سی ابھی نکہتِ گل کی طرح پھیلی ہے
تیرے قدموں کی صدا لگتی ہے
جب کبھی کوئی جہاز
غم کی بے چین ہواؤں سے گزرتا ہوں تو دل
شامِ فرقت کے تصور سے لرز اٹھتا ہے
جو حقیقت ہے مگر خواب نما لگتی ہے
چاند جب ابر کے ٹکڑوں میں سفر کرتا ہے
تو یوں لگتا ہے
میں بھی اک ابر کا ٹکڑا ہوں جسے ترا وصال
ایک لمحے کی رفاقت میں ملا
اے مرے گزرے ہوئے چاند مجھے تیرا وصال
تیرا ایک لمحہ وصال
دائمی ہجر کے اندوہِ مسلسل کے عوض بار نہیں۔
اے مجھے ابر کے ٹکڑے کی طرح چھوڑ کے جانے والے
تیرے بخشے ہوئے لمحے کے عوض
کیا مجھے دینا پڑا، اس سے سروکار نہیں۔

پانچویں سالگرہ آج جدائی کی مناؤں شب بھر
پھر ائیرپورٹ کی ریلنگ پہ ٹکا کر کہنی
تا بہ سحر
تیری رخصت کا سماں یاد کروں
تو جو روتی ہوئی آنکھوں سے پرے
اجنبی دیس کی گمنام ہواؤں میں کہیں بیٹھی ہے۔

پھول اور کانٹے

چہار درویش

امیگریشن :۔ غیر قانونی طور پر کینیڈا میں امیگریشن حاصل کرنے کیلئے لوگوں نے طرح طرح کے منصوبے بنائے گزشتہ برس وینکوور (VANCOUVER) کے گرو چرن جیت سنگھ مالوئی نے مقابلہ ذکر کیا کہ مسٹر دلبجی نے تقریباً ۵۰۰ بھائیوں کو غیر قانونی طور پر امیگریشن دلوائی (ان میں سے ۵۰ پکڑے جا چکے ہیں) ان کا طریقہ کار یہ تھا کہ بھارتی رجسٹرڈ کی یہاں شادی کروا دیتے۔ جنکو جس سے یہاں امیگریشن حاصل کرنے میں جب آسانی ہو جاتی جہاں تک شادی کا تعلق ہے کسی کو اعتراض نہیں۔ مگر انہوں نے کینیڈین مردوں کو عورتوں کا ایک اپ اور گروپ بھجوا کر بھارتی مردوں سے شادی کروائی۔ اور کتنوں کی شادیاں پہلے سے بیاہتا عورتوں سے ہوئیں — سردار گرو چرن سنگھ اور انکے کئی ساتھی آجکل وینکوور جیل میں ہیں۔

شادی :۔ نائٹ کلب کے بار مین نے اپنے ایک مستقل گاہک سے پوچھا۔ "تام تمہارے ساتھ جو سنہرے بالوں والی عورت اکثر نظر آتی تھی۔ آج کل تمہارے ساتھ نہیں آتی کیا وجہ ہے؟" تام نے اسے بتایا کہ اسکی شادی ہو چکی ہے۔
"مجھے یہ سنکر افسوس ہوا ہے۔ آخر کس سے اسکی شادی ہوئی ہے" بار مین نے بظاہر افسردہ ہوتے ہوئے پوچھا۔
"میرے ساتھ" — تام نے جواب دیا۔

راز :۔ اگر ہم اپنا راز خود نہیں رکھ سکتے۔ تو کسی سے امید رکھنا کہ ہمارا راز رکھے گا ایک حماقت ہے۔

میں چھ ہفتے گم سم رہی

راحیلہ عارف



تین بچوں کی ماں اور ایک تنک مزاج شوہر کی بیوی ہونے کی حیثیت سے میں زندگی میں گوناگوں تجربات اور مشاہدات سے گزری ہوں لیکن وہ تجربہ جو مجھ پر کامل چھ ہفتے طاری ہوا ہر اعتبار سے حقیقتوں کا نچوڑ ہے۔

ہوا یوں کہ میں گزشتہ چھ ماہ سے اپنے اندر عجیب طرح کا اضطراب اور بے چینی محسوس کر رہی تھی۔ عارف سے اس کا ذکر نہ کیا کہ وہ اپنے کاموں اور دوستوں میں بے حد منہمک رہتے ہیں، ان کی جبیں پر عکسِ ملال کیوں آنے دوں، پھر اضطراب درد اور درد چیخوں میں تبدیل ہو گیا — اور ایک روز میں نے عارف سے کہہ ہی دیا: مجھے کسی ڈاکٹر کے پاس لے چلو، نامعلوم سی بے چینی نے میرا وجود بیمار کر رکھا ہے۔ ایک ماہرِ نفسیات اُن کے ان دنوں بہت دوست تھے، چنانچہ کچھ سوچے سمجھے بغیر مجھے ان کے کلینک میں لے گئے۔

ڈاکٹر عرفان یوں تو بہت شفیق اور خلیق ثابت ہوئے مگر اُن کے چہرے پر ایسی ہوائیاں اُڑتی رہیں جن سے میرا اعتماد اور صحت مند ہو جانے کا یقین بھی ہوا ہو گیا۔ انہوں نے میرا معائنہ بہت احتیاط اور ریاضت کے ساتھ کیا اور دوائیں بھی اپنے خیال میں سب سے اچھی دیں مگر میرے مرض میں اضافہ ہوتا چلا گیا اور ایک شام میں بجری کی طرح بے دم فرش پر گر پڑی۔ اُس شام بچے اپنی خالہ کے ہاں گئے ہوئے تھے اور عارف رات کے گیارہ بارہ بجے سے پہلے آتے ہی نہ تھے۔ کئی گھنٹے بے ہوش پڑی رہی اور جب ہوش آیا، برابر والی پڑوسن میرے قریب بیٹھی میرے منہ پر پانی کے چھینٹے مار رہی تھی۔ یہ وہی پڑوسن تھی جس سے میں اکثر لڑتی رہتی، مگر اس کے باوجود اس کے حسنِ اخلاق میں کمی نہ آئی تھی۔

عارف دوسرے روز علی الصبح مجھے جرمن ڈاکٹر کے پاس لے گئے۔ یہ ڈاکٹر بھی اُن کے دوست ہی تھے۔ دونوں کا مشغلہ مشترک دست شناسی تھا۔ ڈاکٹر نے بہ غور طبی معائنہ کیا اور پھر اُن کے چہرے پر تشویش کے آثار ابھرنے لگے۔ ان کے ہونٹوں کی جنبش نے آپریشن کا لفظ ادا کیا اور میری گویا جان ہی نکل گئی۔ آپریشن سے مجھے بے حد خوف آتا ہے، میں یکدم بے روح سی ہو گئی۔ اس پر ڈاکٹر نے کچھ سوچتے ہوئے عارف سے کہا:

"نہیں خطرناک آپریشن سے گزرنا ہوگا، البتہ ہم ایک اور تدبیر کر سکتے ہیں، اس میں کامیابی کا انحصار مریضہ کے مکمل تعاون پر ہوگا"

"میں پورا تعاون کروں گی"

"آپ کو مکمل چھ ہفتے خاموش رہنا ہوگا، ایک لفظ بھی زبان سے نکلنے نہ پائے، یہ آپ کے مرض کا سب سے سائنٹفک اور موثر علاج ہے"

خاموشی کا آپریشن شروع ہوا تو مجھے اپنی ذات کے بارے میں عجیب و غریب انکشافات ہوئے۔ خاموشی کے پہلے ہی دو روز میں یہ احساس ابھرا کہ میں بہت زیادہ باتیں کرتی ہوں۔ میرے تینوں بچے ماشاءاللہ ہائی اسکول میں پڑھتے ہیں، میں ان کے ساتھ ہمیشہ الجھتی رہتی اور اسکول جاتے وقت اناپ شناپ نصیحتیں کرتی یا وہ کھیلنے کے لیے نکلتے، تو بار بار گھنٹی بجانے کے وقت ضرور گھر آ جانا، سخت گرمی یا بارش کے دن ہوتے، تو انہیں چھتری لے جانے کی تاکید کرتی اور وہ میری باتیں سنی ان سنی کر دیتے۔ خاموشی کے تجربے نے ثابت کر دیا یہ سب باتیں غیر ضروری اور نقصان دہ ہیں۔ اب میں نے کھانے، چائے پینے، رات کو سونے کا ایک چارٹ بنا لیا ہے جس پر ہر اہم کام کے اوقات مقرر ہیں، میں صرف کھانے کے وقت گھنٹی بجاتی ہوں اور پانچ منٹ بعد دوسری [گھنٹی پر] بچے از خود میز پر جمع ہو جاتے ہیں اور شام میں ان کا بہت خیال رکھتے ہیں۔ اتفاق سے انہی دنوں آسمان ابر آلود تھا، میں نے بچوں کے بستوں کے قریب چھتریاں لا کر رکھ دیں اور وہ انہیں اپنے ساتھ لے گئے، ورنہ کسی نہ کسی بہانے سے بار بار کی تاکید کے باوجود چھوڑ جایا کرتے تھے۔ میں نے محسوس کیا، دھمکیاں دراصل بغاوت کرنے کی دعوت ہیں، بار بار کا اصرار اور وقت بے وقت کی دھمکیاں بچوں میں گریز اور حکم عدولی کے جذبات پیدا کرتی ہیں۔

* * *

پھر جلد ہی مجھ پر انکشاف ہوا کہ بیویاں بہت باتیں کرتی ہیں۔ عارف اور میں پہلے کے مقابلے میں زیادہ گہرے دوست بن گئے ہیں، میری خاموشی کا سب سے بڑا فائدہ یہ ہوا کہ میرے شوہر کی خودی کو زبردست سکون اور خوشی حاصل ہو رہی ہے، وہ صرف وہی باتیں کرتے ہیں اور میں مداخلت نہیں کرتی، انہی کی ہر بات پہلی اور آخری ہوتی ہے۔ میں پہلے بھی عارف سے بہت کم الجھتی، مگر بیوی بہرحال بیوی ہے، اس کی باتوں میں طنز اور نوک جھونک آ ہی جاتی ہے۔ کوئی جلا کٹا فقرہ، کوئی حسد و رقابت میں ڈوبا ہوا جملہ — ایک حرفِ شکایت، ایک لفظِ تمنا۔ عارف ان تمام گردشوں سے آزاد ہو گئے۔ اب وہ رات گئے آنے کے بجائے سرِ شام ہی گھر آ جاتے ہیں اور تعجب یہ کوئی ہلکا پھلکا تحفہ بھی لے آتے ہیں اور آتے ہی پوچھتے ہیں: راحیلہ کیسی ہو؟ میں مسکراہٹ سے جواب دیتی ہوں اور یوں ہماری خانگی زندگی میں بہار چپکے چپکے آ رہی ہے۔

خاموش رہنے کی وجہ سے بہت سے غیر ضروری پروگرام ختم ہو گئے۔ پہلے میرا زیادہ وقت سہیلیوں کی آمد و رفت یا پڑوسنوں کے ساتھ میل ملاپ میں گزر جاتا یا بچوں کے پیچھے پڑی رہتی۔ اب محسوس ہوا خاموشی نے مجھے وقت کا بے بہا خزانہ عطا کر دیا ہے۔ آجکل نئے نئے کھانے پکاتی ہوں اور شاید یہی وجہ ہے عارف جلد گھر آ جاتے ہیں، اس کے علاوہ میں نے ایک مدت کے بعد پردے، بوسیدہ کمروں کی ترتیب و تزئین میں نئے نئے تجربے کیے، بچوں کے کپڑے اپنے ہاتھ سے سیے، اس طرح آہستہ آہستہ ایک عظیم انقلاب ابھرتا ہوا محسوس کیا۔ یوں لگتا ہے گھر میں دلچسپی لینے کی وجہ سے سب کے رویوں میں خوشگوار تبدیلی آئی ہے۔

* * *

ایک ہی ہفتے میں مجھے زندگی کا ایک اور خوشگوار احساس ملا کہ عورتیں بہت زیادہ بولتی ہیں۔ خاموش رہنے سے اندازہ ہوا میری کتنی قوت باتوں میں صرف ہو جاتی تھی۔ دن میں ایک دو بار پڑوس کی عورتوں سے کبھی بچوں پر اور کبھی کسی چیز کے تبادلے پر ضرور کھٹ پٹ ہو جاتی۔ میرے ذہن میں یہ بات بیٹھ گئی تھی کہ جس قدر بلند آواز میں تیز تیز بولا جائے اسی قدر زیادہ کامرانی حاصل ہوتی ہے؛ چنانچہ اب ان باتیں کرتی اور کسی کو آگے نہ بڑھنے دیتی، پھر یہ بھی معمول تھا کسی کے شوہر کی برائیاں ہو رہی ہیں اور کسی عورت کے اندر کیڑے ڈالے جا رہے ہیں، کپڑوں کی قیمتوں اور نئے نئے ڈیزائنوں کے تذکرے ہو رہے، دکانوں کے چکر لگائے جاتے، شوہر سے مطالبے ہوتے، ہر وقت ذہن میں ہیجان برپا رہتا، باتوں کی لے میں کہی ہوئی بات کبھی عارف کے سامنے نکل پڑتی جس سے انہیں تکلیف پہنچ سکتی تھی۔ اب تمام ہنگامے بند اور سارا شور و شر سکون میں تبدیل ہو گیا ہے۔

اور میں نے انہیں ہاتھ تک نہ لگایا تھا، اب اپنے بچوں کی تعمیر اور ان کی نشوونما بہتر خطوط پر کر سکوں گی۔

خاموشی کے بطن سے ایک اور تجربہ پیدا ہوا، شادی کے بعد میں نے اپنی پرانی سہیلیوں سے خط و کتابت کا سلسلہ توڑ لیا تھا، ان کے خط آتے اور میں جواب نہ دیتی۔ پھر انہوں نے بھی خاموشی اختیار کر لی۔ اس بار میں نے اپنی سہیلی کو خط لکھا جو بچپن سے میرے ساتھ پڑھتی آئی تھی۔ خط لکھنے پر مجھے

(باقی افسانہ)

یقین ہی نہ آیا کہ یہ میرا خط ہے — اور جب ایک ہفتے بعد مجھے جواب موصول ہوا تو عجیب طرح کی خوشی حاصل ہوئی۔ ایسی خوشی جو بیان نہیں کی جا سکتی، میری روح کو سکون سا مل گیا اور میرا درد، جو اب بھی بار بار اٹھتا تھا یکسر ختم ہو گیا۔

* * *

اور پھر وہ وقت بھی آیا جب مجھے رات کی خاموشی میں اپنے خالق کے ساتھ باتیں کرنے میں لطف آنے لگا۔ نماز پہلے بھی پڑھتی تھی اور قرآن مجید کی تلاوت میرا روز کا معمول تھا، مگر روحانی لذت میں کمی واقع ہو چکی تھی۔ اس خاموشی نے میرا رشتہ معبودِ حقیقی کے ساتھ جوڑ دیا اور خود میں نیکی کا جذبہ ابھرنے لگا۔ میں اپنے اندر حیرت انگیز تبدیلی محسوس کر رہی تھی۔ دوسروں کی غیبت کرنے میں پہلے بہت مزا آتا تھا مگر اب اس کے تصور ہی سے دل کانپنے لگا۔ میرے اندر انسانوں کے لیے محبت اور خدمت کا زبردست شعور پیدا ہوا اور وہ تمام زیادتیاں ایک ایک کر کے یاد آنے لگیں جو مجھ سے نادانی یا ہٹ دھرمی سے سرزد ہو گئی تھیں، اچھے کاموں کے ذریعے ان کا مداوا کرنا چاہتی ہوں۔

* * *

چھ ہفتے بعد ہم ڈاکٹر کے پاس گئے۔ وہ میری صحت یابی پر اچھل پڑے۔ کہنے لگے:

"اس قدر اچھے نتائج کی مجھے توقع نہ تھی، تمہارا مرض دور ہو چکا ہے"

"جدید تحقیقات سے معلوم ہوا ہے کہ زیادہ بولنے سے جسم میں ایک ایسا ردِعمل پیدا ہوتا ہے جو مختلف شکلوں میں مرض کی حیثیت اختیار کر جاتا ہے — عورتوں کے بیشتر امراض ہیجانی گفتگو سے پیدا ہوتے ہیں اور پھر ناسور بن جاتے ہیں، ان کا خاموشی سب سے اچھا مرہم ہے"

[illegible] لڑکی نے ایک اخبار کو لکھ دیا: مجھے اس کے چند روپے ملے، آپ کو کتنے میں پڑا؟ چند ہفتوں بعد ایک سیاستدان کی طرف سے اس لڑکی کو ایک خط موصول ہوا، لکھا تھا: ملک کے حالات پر تبصرہ کرنے سے پہلے مجھے یہ اندازہ [illegible]

پاکستان — منتخب خبریں

فوجوں کی واپسی آئندہ ہفتہ شروع ہو جائے گی

پاکستان اور بھارت کے فوجی کمانڈر آج سچیت گڑھ میں کنٹرول لائن کے تعین کے سمجھوتہ پر دستخط کریں گے

اٹھاون ہزار عازمین حج بحری راستہ سے حج کیلئے روانہ ہوسکیں گے

موجودہ حکومت نے اتنی کثیر تعداد میں عازمین حج کے انتظامات کر کے تاریخی کارنامہ انجام دیا ہے

قوم صدر بھٹو کی بجا طور پر ممنون احسان ہے — حج کے بارے میں مرکزی وزیر اطلاعات کی تقریر

فوجوں کی واپسی پندرہ یوم میں مکمل ہونے کا امکان

واپسی کے بعد شملہ سمجھوتہ کے دوسرے مرحلہ پر عمل ہوگا


(نمائندہ جنگ) دسمبر ۱۹۷۱ء کی جنگ کے دوران بھارت اور پاکستان نے ایک دوسرے کے جن علاقوں پر قبضہ کیا تھا ان سے فوجوں کی واپسی آئندہ ہفتے شروع ہو جائے گی۔ ایک اطلاع کے مطابق فوجوں کی واپسی منگل ۲۴ اکتوبر سے شروع ہوگی۔ لیکن نمائندہ جنگ نے لندن سے اطلاع دی ہے کہ مقبوضہ علاقوں سے فوجوں کی واپسی ۲۶ اکتوبر سے شروع ہوگی۔ اور پندرہ دن میں مکمل ہو جائے گی۔ اطلاعات کے

جنگی قیدیوں کو خطوط براہ راست بھیجے جاسکتے ہیں

لندن (نمائندہ خصوصی) برطانیہ کی ریڈ کراس سوسائٹی نے بتایا ہے کہ پاکستان کے جنگی قیدیوں کے لئے یہاں سے براہ راست تحائف بھیجنے کا کوئی انتظام نہیں ہے۔ لیکن خطوط براہ راست قیدیوں کو بھیجے جاسکتے ہیں۔ ریڈ کراس سوسائٹی کے ایک ترجمان نے بتایا ہے کہ خطوط بھیجنے کے سلسلے میں کوئی پیچیدگی نہیں ہے۔ خطوط پر قیدی کا نام اور کیمپ کا پورا پتہ درج کر کے انہیں عام خطوط کی طرح حوالۂ ڈاک کر دیا جائے۔

وزیراعظم کو ہٹانے کے لئے دو تہائی اکثریت رکھنے پر تحریک استقلال کے سربراہ اصغر خان کی نکتہ چینی


ایبٹ آباد



لندن سے آصف جیلانی کی رپورٹ

بوڑھے شوہر کو چھوڑ کر آشنا کے ساتھ فرار ہوگئی

کراچی



امریکہ میں وائٹ ہاؤس اور بھارتی سفارتخانہ پر پاکستانیوں کا مظاہرہ

نیویارک — واشنگٹن میں بہت بڑی تعداد میں پاکستانیوں نے وائٹ ہاؤس اور بھارتی سفارتخانے کے سامنے بھارت میں پاکستانی جنگی قیدیوں کی ہلاکت کے خلاف زبردست مظاہرہ کیا۔

سرحد میں سو سے زائد افراد گرفتار کر لئے گئے

لانڈھی میں پولیس اور مزدوروں میں خونریز تصادم ۲ مزدور ہلاک پچاس زخمی

۲۰ کانسٹیبل اور ڈپٹی سپرنٹنڈنٹ بھی زخمی، مزدوروں نے پولیس کو گھیرے میں لیکر پتھراؤ کیا، سرکاری پولیس بلوائی

مزدوروں کی طرف سے اپنے ۴ ساتھیوں کی ہلاکت کا دعوے

پولیس پر گھروں میں گھس کر آنسو گیس پھینکنے کا الزام

۲۵ اکتوبر تک مسائل حل کر دئے جائیں، گیارہ مزدور فیڈریشنوں کا بیان

لاہور میں مظاہرین اساتذہ پر پولیس کا لاٹھی چارج

آنسو گیس کا استعمال، کئی اساتذہ زخمی، متعدد افراد کی گرفتاری اور رہائی

پنجاب میں مزید اساتذہ گرفتار

کشمیر سے اقوام متحدہ کے مبصرین کو واپس نہیں بلایا جاسکتا

بھارت نے اس ضمن میں کوئی باضابطہ درخواست نہیں کی، انڈر سیکرٹری جنرل کا اعلان



ہر اتوار کی شب ۸ بجے سے

۸½ بجے تک آپکا اپنا پروگرام

"CHIN FM 101" سے پیش کیا

جاتا ہے — صدائے پاکستان

جاناں جسے سنا ہم ہوئے

منتخب خبریں

پاکستان

بیرونِ ملک سفر پر تمام پابندیاں ختم

این او سی کی بھی ضرورت نہ ہوگی

ملک کو نقصان پہنچانے والے بعض لوگوں پر پابندیاں برقرار رہیں گی

اسلام آباد ۱۶ اکتوبر (اے پی پی) حکومت پاکستان نے بیرونِ ملک جانے والے شہریوں پر سے موجودہ تمام پابندیاں ختم کرنے کا اعلان کیا ہے۔ البتہ یہ پابندیاں ان بعض لوگوں پر برقرار رہیں گی جن کے بارے میں حکومت کے پاس معقول وجوہ موجود ہیں کہ ان کے باہر جانے سے ملک کو نقصان پہنچے گا۔ وزارت داخلہ و امور کشمیر کے ایک پریس نوٹ میں بتایا گیا ہے کہ دسمبر ۱۹۷۱ء میں پاکستانی شہریوں کے ملک سے باہر جانے پر عام پابندی عائد کر دی گئی تھی۔ بیرونی سفر پر یہ پابندی ملک کے سنگین حالات کے پیش نظر ضروری تھی۔ اب حالات معمول پر آ رہے ہیں اس لئے یہ پابندی اٹھائی جا رہی ہے۔ حکومت کو افسوس ہے کہ جائز ضرورتوں کے لئے بھی باہر جانے کے خواہشمند لوگوں کو مشکلات کا سامنا کرنا پڑا ہوگا۔ انہیں ان دشواریوں کا بھی احساس ہوگا جو حکومت کو درپیش تھیں۔ آئندہ بیرونی سفر کے لئے شہریوں پر کوئی پابندی نہیں ہوگی بشرطیکہ ان کے سفر کے کاغذات مکمل ہوں اور امیگریشن کے ضابطوں کی پابندی کی گئی ہو۔ اس مقصد کے لئے مرکزی یا صوبائی حکومتوں سے این او سی حاصل کرنے کی بھی ضرورت نہیں ہوگی۔ جن لوگوں پر پابندیاں برقرار رہیں گی حکومت ان کی فہرست کا مسلسل جائزہ لیتی رہتی ہے اور ان کی تعداد میں کمی کی جا رہی ہے اور رفتہ رفتہ سارے نام خارج کر دیئے جائیں گے۔ تاہم اس بات کا خیال رکھا جائیگا کہ وہ لوگ جن کا ملک سے باہر جانا نقصان دہ ہو سکتا ہے اس رعایت سے ناجائز فائدہ نہ اٹھا سکیں۔

مستقل آئین کے تحت

مسٹر نور الامین

صدرِ مملکت ہوں گے

راولپنڈی (نمائندہ خصوصی) قومی اسمبلی میں پارلیمانی گروپوں کے رہنماؤں کی کانفرنس کے دوران اس امر پر اتفاق رائے ہوگیا ہے کہ ملک میں وفاقی پارلیمانی نظام قائم ہوگا جس میں تمام اختیارات وزیر اعظم کو حاصل ہوں گے اور صدر مملکت کا آئینی سربراہ ہوگا۔ راولپنڈی کے باخبر سیاسی ذرائع کے مطابق مستقل آئین کے نفاذ کے بعد صدر بھٹو وزیر اعظم کا عہدہ سنبھالیں گے جو اکثریتی پارٹی کے قائد ہیں۔ ان ذرائع کا کہنا ہے کہ ملک کے آئندہ سربراہ مسٹر نور الامین ہوں گے۔ وہ ایک محب وطن پاکستانی اور غیر متنازعہ شخصیت ہیں ان کا تقرر ایوان کے تمام حلقوں کے لئے قابل قبول ہوگا۔

صدر بھٹو آئینی مفاہمت کرانے پر مبارکباد کے مستحق ہیں: محمود علی قصوری

اسلام آباد ——— سابق وزیر قانون میاں محمود علی قصوری نے کہا ہے کہ یہ ایک تاریخی واقعہ ہے کہ قومی اسمبلی کی تمام پارٹیاں ملک کو درپیش آئینی مسائل کے حل پر متفق ہوگئی ہیں۔ اے پی پی سے ایک انٹرویو میں انہوں نے بتایا کہ آئینی سمجھوتہ سے مقررہ مدت میں آئین تیار ہو جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ سمجھوتہ کی دستاویز کا تفصیلی مطالعہ کئے بغیر اس کے مستقل اثرات کا اندازہ کرنا ممکن نہیں لیکن تمام پارٹیوں کا اتفاق رائے ہمارے ملک کے لئے بڑی خوش آئند بات ہے۔ تاہم یہ بات واضح ہے کہ سمجھوتہ قومی اسمبلی کے ارکان یا آئینی کمیٹی کو ان کے حقوق سے محروم نہیں کر سکتا۔ اور نہ ہی وہ پاکستان کو وفاقی پارلیمانی نظام حکومت دینے کی ذمہ داری سے سبکدوش ہوئے ہیں۔ آئین کی تیاری بہرحال قومی اسمبلی اور اس کے ارکان کی ذمہ داری ہے۔ تمام لیڈر اور سب سے بڑھ کر صدر مملکت اتحاد کی فضا اور افہام و تفہیم پیدا کرنے پر مبارکباد کے مستحق ہیں۔

سرحد میں بدامنی ختم نہ ہوئی تو ذمہ دار افسروں کو برطرف کر دیا جائیگا

ہمیں کسی سے وفاداری کا سرٹیفکیٹ نہیں لینا، جلسۂ عام سے مفتی محمود کا خطاب

قصوری اور معراج کا استعفیٰ منظور کرنے پر صدر مبارکباد کے مستحق ہیں: مولانا ہزاروی

پشاور ۱۶ اکتوبر (اے پی پی) صوبہ سرحد کے وزیر اعلیٰ مولانا مفتی محمود نے کہا ہے کہ آئینی سمجھوتے سے ملک میں غیر یقینی صورتحال اور بے اطمینانی کا ماحول ختم ہوگیا ہے۔ وہ کل رات چوک یادگار میں جمعیت کے زیر اہتمام ایک جلسہ عام سے خطاب کر رہے تھے۔ مولانا غلام غوث ہزاروی اور صوبائی وزیر اطلاعات مسٹر محمد افضل خان نے بھی جلسہ سے خطاب کیا۔ مفتی محمود نے کہا کہ ہم پاکستان کے وفادار شہری ہیں اور ہمیں کسی سے وفاداری کا سرٹیفکیٹ لینے کی ضرورت نہیں ہے۔ صوبائی وزیر اعلیٰ نے نیپ اور جمعیت علمائے اسلام کے خلاف پراپیگنڈے پر سخت اعتراض کرتے ہوئے کہا کہ ہم پاکستانی ہیں اور پاکستانی سرزمین کے کسی کو یہ حق نہیں پہنچتا کہ وہ دوسروں کو حب الوطنی کے سرٹیفکیٹ دے۔ انہوں نے کہا کہ سقوط مشرقی پاکستان کی ذمہ دار قوتیں پھر سرگرمی دکھا رہی ہیں میں متنبہ کرتا ہوں کہ باقی ماندہ پاکستان کو ٹکڑے ٹکڑے کرنے کی کسی سازش کو کامیاب نہیں ہونے دیا جائے گا اور تخریب پسند عناصر کی شدید مزاحمت کی جائے گی۔ مفتی محمود نے مطالبہ کیا کہ جو لوگ سقوط ڈھاکہ کے ذمہ دار ہیں انہیں برسر عام سزا دی جائے۔ مولانا نے کہا کہ اس علاقے کے لوگوں کو چوکس اور بیدار رہنا چاہئے ہم اپنے حقوق کو منوائیں گے کوئی ہمارا استحصال کرنے کی جرأت نہیں کر سکتا۔ ہم نے کبھی کسی علاقے کا استحصال نہیں کیا اور نہ آئندہ کریں گے لیکن کسی کو اپنا استحصال کرنے کی بھی اجازت نہیں دیں گے۔ مولانا نے آئینی سمجھوتے کا خیر مقدم کرتے ہوئے کہا کہ اب اختیارات وزیر اعظم کے سپرد کر دیئے گئے ہیں جو عوام اور پارلیمنٹ کے سامنے جواب دہ ہوگا۔

مولانا مفتی محمود نے متنبہ کیا کہ اگر صوبے میں امن و امان کی صورتحال فوری طور پر بہتر نہ ہوئی تو تمام ذمہ دار سرکاری افسروں کو برطرف کر دیا جائیگا۔ انہوں نے امن و امان کی صورتحال بگڑنے پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ پولیس اور دوسرے متعلقہ افسران سے کہا گیا ہے کہ وہ اس سلسلے میں ٹھوس کارروائی کریں۔ وزیر اعلیٰ نے امید ظاہر کی کہ حالات جلد ہی بہتر ہو جائیں گے انہوں نے لوگوں سے کہا کہ وہ حکام کے ساتھ تعاون کریں اور ہر جگہ امن کمیٹیاں بنائیں۔ مولانا غلام غوث ہزاروی نے جلسے سے خطاب کرتے ہوئے نیپ اور جمعیت علمائے اسلام پر زور دیا کہ اب آئینی سمجھوتے پر دستخط ہو چکے لہٰذا پاکستان پیپلز پارٹی اور صدر بھٹو کے خلاف اشتعال انگیز بیانات دینے سے گریز کرنا چاہئے۔ انہوں نے سمجھوتہ کا خیر مقدم کرتے ہوئے کہا کہ اس سے شبہات دور ہوگئے اور غیر یقینی صورتحال کا خاتمہ ہوگیا ہے۔ مولانا ہزاروی نے مسٹر معراج محمد خان اور میاں محمود علی قصوری کے استعفوں کا خیر مقدم کیا۔ انہوں نے ان دونوں حضرات کے استعفے منظور کرنے پر صدر کو مبارکباد دی۔ مولانا ہزاروی نے کہا کہ میری پارٹی کسی شخص کو بھی کمیونزم کی تبلیغ کرنے اور اسے ملک پر مسلط کرنے کی اجازت نہ دے گی۔ صوبائی وزیر اطلاعات مسٹر افضل خان نے جلسہ عام سے خطاب کرتے ہوئے آئینی سمجھوتے کا خیر مقدم کیا اور کہا کہ یہ بڑی خوشی کی بات ہے کہ وفاقی پارلیمانی نظام اور اسلام کو ملک کا سرکاری مذہب قرار دینے کے بارے میں عوام کے مطالبات منظور کر لئے گئے۔

جنرل ٹکا خان نے کاکول اکیڈمی کا معائنہ کیا

راولپنڈی ——— بری فوج کے چیف آف سٹاف جنرل ٹکا خان نے کاکول اور ایبٹ آباد میں تربیتی اداروں اور رجمنٹل سنٹرز کا معائنہ کیا۔ پاکستان ملٹری اکیڈمی میں آمد کے بعد وہ اس جگہ گئے جہاں شادی شدہ اور غیر شادی شدہ جوانوں کے لئے رہائشی مکانات تیار کئے گئے ہیں انہوں نے مکانات کا معائنہ کیا اور سپاہیوں کو فراہم کی گئی سہولتیں دیکھیں۔ جنرل ٹکا خان نے لائبریری کے مطالعاتی ہالوں کا بھی معائنہ کیا اور کیڈٹوں سے ملاقات کی۔ کیڈٹوں کی تعلیم اور رہائش کی سہولتیں دیکھیں بعد میں انہوں نے کمانڈنٹ سے تربیتی پہلوؤں اور اکیڈمی کے تعمیراتی منصوبوں پر تبادلۂ خیال کیا۔ کمانڈنٹ نے انہیں اکیڈمی کا تشخص پیش کیا بعد میں جنرل ٹکا خان نے توپ خانہ کے مرکز اور آرمی میڈیکل کور کے سنٹرز کا معائنہ کیا۔ وہ تربیتی علاقوں میں گئے اور تربیت حاصل کرنے والے دیگر رنگروٹوں سے ملے انہوں نے ان مراکز کے کمانڈنٹوں سے ان کے رجمنٹوں میں جوانوں کی بہبود اور ریکروٹوں کی تربیت سے متعلق تبادلۂ خیال بھی کیا۔

پاکستانی قیدیوں پر فائرنگ انسانی حقوق کے منافی ہے

مشرقی پاکستانی ارکان اسمبلی کا بیان

اسلام آباد ——— مشرقی پاکستان کے چار ارکان اسمبلی نے پاکستانی جنگی قیدیوں پر بھارتی فوج کی فائرنگ کی شدید مذمت کی ہے اور اسے جنیوا کنونشن اور دوسرے تمام انسانی و اخلاقی ضوابط کی خلاف ورزی قرار دیا ہے۔ مسٹر سیف الرحمان ایم این اے، مسٹر حسن رضوی ایم پی اے، مسٹر نور اللہ ایم این اے اور مسٹر قمر الزمان ایم این اے نے ایک مشترکہ بیان میں کہا ہے کہ جنگ بندی کے بعد بھارت جنگی قیدیوں کو واپس کرنے کا پابند تھا لیکن معاہدہ شملہ کے باوجود وہ جنگی قیدیوں کو سیاسی سودے بازی کے لئے استعمال کر رہا ہے۔ انہوں نے اقوام عالم سے اپیل کی کہ وہ بھارت پر زور دیں کہ غیر مسلح جنگی قیدیوں کے خلاف وحشیانہ کارروائیاں بند کی جائیں اور انہیں پاکستان واپس بھیجا جائے۔

آئین میں مشرقی پاکستان کو پاکستانی علاقہ قرار دیا جائے گا

بنگلہ دیش کے سلسلے میں جماعت اسلامی کا موقف واضح ہے: پروفیسر غفور

وزیر کے کمرے میں جیب صاف ہو گئی

لاہور ——— گزشتہ روز وزیر اوقاف و اطلاعات چودھری ممتاز احمد کاہلوں کو ایک خاتون نے درخواست دی کہ جس مکان اور زمین پر اس کا قبضہ ہے وہ ۱۹۰۷ء میں وقف ہوئی تھی۔ اس کے پاس اس کا ثبوت نہیں ہے۔ اس زمین کا قبضہ اور مالکانہ حقوق اسے دلائے جائیں۔ بتایا جاتا ہے کہ یہ خاتون پچھلے ایک ماہ سے وزیر موصوف کو ہر روز ایک نئی درخواست دیتی ہے۔ ایک مولوی صاحب نے درخواست دی کہ ریڈیو پر بہت اچھا اذان دے سکتے ہیں ریڈیو انتظامیہ کو حکم دیا جائے کہ ان کی خدمت سے فائدہ اٹھائیں۔ وزیر اوقاف نے انہیں مشورہ دیا کہ وہ ریڈیو پر رحم کریں اور جہاں وزیر کی جتنا چاہیں وہیں دیں۔ سرکاری رپورٹ کے مطابق گزشتہ ہفتے کے روز پانچ گھنٹے کے دوران ایک سو ستر افراد نے مختلف مسائل سے متعلق درخواستیں دیں۔ جسٹس پالیسی سے داخلہ کے سلسلے میں دو جماعتیں پنجاب کے مختلف علاقوں سے آئے ہوئے تقریباً ساٹھ افراد نے تحصیل و ضلعی انتظامیہ کے رویے کے خلاف درخواستیں دیں اسی اثنا میں کسی شخص نے وزیر کے کمرے میں افراد کے ہجوم میں ایک صاحب کی جیب سے بٹوہ نکال لیا۔ ایک دوسرے صاحب نے بتایا کہ وہ ملازمت کی درخواست دینے آئے تھے کہ کسی نے جیب سے ان کا سول ڈیفنس کا شناختی کارڈ اور خطوط کی تعداد نکال لیں۔

یحییٰ خان کو بھی

عید یاد آیا!

پشاور ——— سابق صدر یحییٰ خان سنہ جو ایبٹ آباد میں نظر بندی کے دن گزار رہے ہیں، انہوں نے شراب چھوڑ دی ہے اور باقاعدہ روزے رکھ رہے ہیں یہاں پہنچنے والی اطلاعات کے مطابق ان کی اہلیہ بھی ان کے ساتھ ہیں اور سحری اور افطاری کے وقت ان کے لئے کھانا تیار کرتی ہیں کہا جاتا ہے کہ عید الفطر سے پہلے سابق صدر کے بعض عزیز بھی ان کے پاس ایبٹ آباد میں آ جائیں گے تاکہ عید ان کے ساتھ گزار سکیں۔ یہ بھی معلوم ہوا ہے کہ یحییٰ خان نے عید قرباں کے موقع پر قربانی کے لئے ایک صحت مند بکرا بھی خرید لیا ہے جسے وہ بڑی محبت اور شفقت سے پال رہے ہیں۔ یاد رہے کہ یحییٰ خان جب صدر تھے تو ان کا حال یہ تھا کہ وہ جس محفل میں بیٹھتے شراب کے نشے میں مست رہتے تھے ان کا معمول تھا کہ وہ ہر روز کئی بوتلیں پیا کرتے تھے۔



"روزہ کیسے رکھ سکتے ہیں بھیا ———
وہی پارسال والا مرض عود کر آیا ———
نقاہت، کمزوری ...... سر میں درد!"

گورڈن کالج کے نئے پرنسپل

(راولپنڈی) ممتاز ماہر تعلیم پروفیسر خواجہ مسعود کو پولیٹیکل سائنس کی جگہ گورڈن کالج کا پرنسپل مقرر کیا گیا ہے۔ خواجہ مسعود ماہر تعلیم ہونے کے ساتھ ساتھ ادبی و ثقافتی حلقوں میں بھی ممتاز حیثیت رکھتے ہیں۔ انہوں نے زمانہ طالب علمی میں امتحانات میں شہرت پائی اور ہمیشہ اچھی پوزیشن حاصل کرتے رہے۔ تعلیم مکمل کرنے کے بعد وہ گورڈن کالج کے شعبہ ریاضی سے منسلک ہوگئے۔ انہوں نے گزشتہ کئی برس میں ہزاروں طلباء و طالبات کو علم کی روشنی سے منور کیا، ان طلباء و طالبات نے یونیورسٹی کے امتحانات میں ممتاز پوزیشنیں حاصل کیں۔ پروفیسر خواجہ مسعود راولپنڈی کی ایک ممتاز درسگاہ سیٹلائٹ کالج کے پرنسپل رہے۔

تمام سیاسی قیدی رہا کئے جائیں: مولانا مودودی

لاہور ——— امیر جماعت اسلامی مولانا ابو الاعلیٰ مودودی نے صدر بھٹو کے نام ایک برقیہ میں ان سے اپیل کی ہے کہ وہ آئینی مسائل کو حل کرنے اور ملک میں تعاون اور مفاہمت کی فضا پیدا کرنے کیلئے تمام سیاسی قیدیوں کو رہا کر دیں۔

کیا آپ صدائے پاکستان کے سالانہ خریدار ہیں؟

آج ہی چندہ روانہ کریں۔

وزیر تعلیم کے گھر میں چوری کی کوشش کرنے والا گرفتار

(راولپنڈی) چھاؤنی پولیس نے مرکزی وزیر تعلیم مسٹر عبدالحفیظ پیرزادہ کے گھر میں داخل ہو کر ایک کمرے میں آگ لگانے اور چوری کی کوشش کے الزام میں وزارت تعلیم کے ایک چپراسی نظام شاہ کو گرفتار کر لیا ہے۔ پولیس نے نظام شاہ کا جوڈیشل ریمانڈ حاصل کر کے تفتیش شروع کر دی ہے۔ نظام شاہ وزیر تعلیم کی کوٹھی کے سرونٹ کوارٹر میں رہتا ہے۔ پولیس نے ملزم کے فنگر پرنٹ بھی حاصل کر لئے ہیں۔

نسیم احمد سیکرٹری اطلاعات ہو گئے

علاوہ افسر بکار خاص ہو گئے

راولپنڈی ۱۶ اکتوبر (اے پی پی) نسیم احمد کو معاہدہ کی بنیاد پر وزارت اطلاعات و نشریات کا سیکرٹری مقرر کیا گیا ہے۔ ان کا تقرر فوری طور پر ہوگا۔ کابینہ کے سیکرٹریٹ کے ایک اعلامیہ میں آج شب اس کا اعلان کیا گیا۔ نسیم احمد ممتاز صحافی ہیں۔ وہ کراچی کے انگریزی روزنامہ ڈان کے بیرون ملک میں نامہ نگار تھے۔ وہ واحد ایشیائی ہیں جنہیں لندن میں غیر ملکی اخبارات کی ایسوسی ایشن کا صدر منتخب کیا گیا۔ مسٹر ... جو وزارت اطلاعات سے متعلق ہیں، وزارت امور خارجہ میں افسر بکار خاص مقرر کیا گیا ہے۔

یونس سعید نیشنل بک فاؤنڈیشن کے مینیجنگ ڈائریکٹر مقرر کر دیئے گئے

اسلام آباد ——— نیشنل پریس ٹرسٹ کے سابق چیئرمین مسٹر یونس سعید کو نیشنل بک فاؤنڈیشن کا مینیجنگ ڈائریکٹر مقرر کر دیا گیا ہے۔

پاکستان اور مسلم بنگال کیا پھر ایک دوسرے کے قریب آسکیں گے؟

دور اندیشں

پاکستان کو بنگلہ دیش کو تسلیم کرنا چاہیئے یا نہیں؟ یہ سوال سارے ملک میں ایک عرصے سے زیر بحث ہے اور بحث زیادہ تر جذباتی انداز میں ہو رہی ہے اس بحث میں جذباتی عنصر کا غلبہ لازمی بات ہے۔ اوّل تو اس لئے کہ بنگلہ دیش کے قیام کا صدمہ خود بنگالیوں کیلئے یا کم از کم ان بنگالیوں کے لئے جنہیں مغربی پاکستان میں حبیب ہی حبیب نظر آتے تھے۔ اور باقی پاکستانیوں کے لئے ایک جذباتی مسئلہ تھا۔ اس لئے کہ سوال پاکستان کی تقسیم کا تھا۔ اور دوسرے اس لئے کہ ہم جذباتی لوگ ہیں۔ ہم مسائل پر ٹھنڈے دل سے سوچنے کے عادی نہیں۔ ہم مسائل کے جذباتی پہلوؤں میں ایسے کھو جاتے ہیں کہ حقیقت۔ جو جذبات کی طرح وقتی نہیں ہوتی اکثر ہماری نظروں سے اوجھل رہتی ہے۔

میں نے اس جذباتی بحث کے سلسلے میں بنگالیوں کا ذکر اس لئے مناسب سمجھا کہ ان کے رہنماؤں، دانشوروں اور ہنگامہ پروروں کا۔ بنگلہ دیش کے قیام سے قبل۔ دراصل یہ نعرہ بنگلہ دیش کے قیام کے مطالبے کی اساس جذبات پر نہیں حقائق پر ہے۔ اس سلسلے میں بنگالیوں اور مشرقی پاکستان کے استحصال کا ذکر سب سے پہلے ہوا کرتا تھا۔ استحصال کرنے والے مغربی پاکستانی تھے اور دلیل یا منطق یہ تھی کہ جب مشرقی پاکستان۔ پاکستان سے جدا ہو کر بنگلہ دیش یا علیحدہ مملکت بن جائے گا تو یہ استحصال ختم ہو جائے گا اور بنگلہ دیش میں دودھ اور شہد کی نہریں بہنے لگیں گی۔

...

مغربی پاکستان کے اخبارات میں۔ بنگلہ دیش کے بھارت اور روس کے طفیل۔ قیام کے بعد۔ وہاں کی معاشی ابتری کی بہت خبریں شائع ہوتی ہیں اور ہو رہی ہیں۔ گر ہم یہاں ان خبروں کا حوالہ نہیں دیں گے اس لئے کہ کہا جاسکتا ہے کہ پاکستان کے اخبارات سے بنگلہ دیش ...

اور خواب و خیال میں بھی نہیں تھی۔ جو بنگلہ دیش کے قیام کی اساس حقیقت پر رکھتے تھے۔ جو ملک رقبے میں اتنا چھوٹا ہو جس کے پاس قابل کاشت اراضی اتنی کم ہو اور جس کی آبادی اتنی زیادہ ہو وہ کبھی خوشحال ...

بنگلہ دیش کو تسلیم کرنے کا فیصلہ انتہائی دور رس نتائج کا حامل ہوگا!

...

فیصلہ تاریخ کرے گی کہ یہ فیصلہ بنگال اور مغربی پاکستان کے مسلمانوں کے ایک بار پھر ایک دوسرے کے قریب آنے کے امکانات کا مکمل طور سے خاتمہ کر گیا یا ان امکانات کی جانب سے ہمیشہ ہمیشہ کے لئے ...

... سے پٹ سن اسمگل کرایا ہے۔ شبے کا ایک اور پہلو یہ ہے کہ پاکستان نے پٹ سن کے مال کی برآمد میں جو شاندار ...

... پاکستان تھا۔

لیکن اگر یہ مان بھی لیا جائے کہ بنگلہ دیش پٹ سن اور پٹ سن کے تیار مال سے اتنا ہی زرِ مبادلہ کمائے گا۔

بنگلہ دیش نے جنگی قیدیوں کی رہائی کے لئے نئی شرط عائد کردی

پاکستان کو ہمارے اثاثے ادا کرنے پڑیں گے۔ بنگلہ دیشی اعلیٰ افسر کا بیان

لندن —— پاکستان کی طرف سے بنگلہ دیش کو تسلیم کئے جانے کے باوجود ڈھاکہ کی انتظامیہ بھارت کو پاکستانی جنگی قیدی واپس کرنے کی اجازت نہیں دے گی۔ یہ بات بنگلہ دیش کے ایک ممتاز سفارتی نمائندے نے لندن سے واشنگٹن روانہ ہونے سے قبل ...

کراچی میں شام کو شائع ہونے والے ایک اخبار کے مطابق ...

جدید طبی تحقیق



کیا تازہ اور ڈبوں میں بند خشک مٹروں کی غذائیت میں کوئی فرق ہوتا ہے۔!

یقیناً ہوتا ہے۔ تازہ مٹروں میں وٹامنز (حیاتین) زیادہ ہوتے ہیں اور ڈبوں میں بند خشک مٹروں میں پروٹین (اجزائے لحمیہ) زیادہ ہوتے ہیں۔

انسان کو خود کفیل ہی ہو جانا چاہیئے۔ تاکہ اسے کسی اکسیر کی ضرورت نہ رہے۔

مولوی فرید احمد زندہ ہیں



اسلام سرکاری مذہب ہوگا

اندرا گاندھی کے خلاف زبردست مظاہرہ

نام نہاد فوج آزادی کا گھناؤنا کردار بے نقاب ہوگیا

جنگ کے دوران اور اسکے بعد بھارتی سورماؤں نے مشرقی پاکستان کو دونوں ہاتھ سے لوٹا!

بھارتی فوج کے خلاف مشرقی پاکستان کے عوام میں نفرت عروج پر پہونچگئی

لندن (آصف جیلانی نمائندہ جنگ) مشرقی پاکستان میں جنگ کے دوران اور جنگ کے بعد سنگین جرائم کی پاداش میں ۳۱ بھارتی فوجی افسروں اور جوانوں کا کورٹ مارشل کیا گیا ہے۔ اس انکشاف سے نام نہاد فوج آزادی کا گھناؤنا کردار بے نقاب ہو گیا ہے اور اندرا حکومت کا یہ دعوےٰ جھوٹا ثابت ہو گیا کہ بھارتی فوج نے حسنِ سلوک کی شاندار مثال قائم کی ہے۔ معلوم ہوا ہے کہ بھارتی فوجی افسروں اور جوانوں پر مشرقی پاکستان میں لوٹ مار اور نوجوان عورتوں کی آبروریزی کے الزامات ہیں۔ جنگ کے فوراً بعد بھارتی فوجی مشرقی پاکستان کی ملوں سے مشینیں اکھاڑ کر اور گوداموں سے غلہ چھین کر کلکتہ لے گئے اور مارواڑیوں کے ہاتھ فروخت کر دیا۔ اور اس طرح جنگ کے دوران اور جنگ کے بعد بھارتی سورماؤں نے دل کھول کر مشرقی پاکستان کو لوٹا۔ اس گھناؤنے کردار کی وجہ سے بھارتی فوج کے خلاف مشرقی پاکستان کے عوام میں نفرت عروج کو پہنچ گئی ہے۔

پاکستانی صحافی بنگلہ دیش سے مایوس لوٹے ہیں بی بی سی

بنگلہ دیش میں شدید غذائی قلت!

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

اے ایمان والو! جانتے بوجھتے اللہ اور اس کے رسولؐ کے ساتھ خیانت نہ کرو اور اپنی امانتوں میں غداری کے مرتکب نہ ہو۔

سو قرینے سے شاید میرے دل کے لئے
لکھ دے کوئی تو اوراق لا الٰہ الا اللہ

ڈھنگ کی بات کیجئے

حال ہی میں حکومت پنجاب کے وزیر تعمیرات جناب تارڑ کا اخبارات میں ایک بیان جاری ہوا۔ ملاحظہ فرمائیے۔ "مارشل لا اٹھائے جانے سے پیشتر حزب مخالف کے قائدین حکومت سے تعاون کا یقین دلاتے تھے۔ لیکن مارشل لا اٹھائے جانے کے بعد ان کی مثال اس کتے کی سی ہے جس کی گردن سے مدتوں کے بعد پٹہ اتار دیا جائے۔"

پہلا موقعہ نہیں کہ پاکستان کی کسی سیاسی شخصیت نے مخالفین کے لئے ایسے غیر شائستہ اور نازیبا الفاظ استعمال کئے ہیں۔ اخلاقی قدروں سے گرے ہوئے القابات۔ مخالفین کو نوازنا ہماری سیاست کا ایک ضروری پہلو ہے۔

لیکن تارڑ صاحب کا بد اخلاقی سے بھرپور بیان پڑھ کر ہمیں اس لئے حیرت ہوئی۔ کہ وہ ایسی جماعت کے نمائندہ ہیں۔ جو جدید پاکستان کو جدید بنیادوں پر استوار کرنے کی حامی ہے۔ تارڑ صاحب کے بیان میں تو ہمیں کوئی جدت دکھائی نہیں دی۔ وہی ذہنی پھکڑپن جس کو لوگ کہتے دیوالیہ پن کہتے ہیں۔

عوامی قائدین کی ذہنی گراوٹ یہ ہو۔ تو بیچارے عوام کی معاشرتی زندگی میں کثافت کیونکر نہ بڑھے گی!

ہم تارڑ صاحب کی خدمت میں عرض کرنا اپنی سعادت تصور کرتے ہیں۔ کہ اگر خوش قسمتی کے نتیجے میں وزارت میسر آہی گئی ہے۔ تو اس کا استعمال شایان وزارت کریں۔ انہیں احساس ہونا چاہیئے کہ وہ اب کسی فلمی گلی محلے کے دوستوں سے ہمکلام نہیں ہیں۔ جو ان کی غیر شائستہ گفتگو کو نظر انداز کیا جاسکے۔ اب وہ عوامی قائد ہیں۔

اور قوموں کے وجدان میں جاری کئے گئے ایسے بیانات معاشرتی زندگی پر اثرات مرتب کرتے ہیں۔ ہم امید کرتے ہیں۔ کہ آئندہ وہ اپنے بیانات میں سیاسی ضابطہ اخلاق کو ملحوظ رکھیں گے۔ ورنہ ہمیں ان کے لئے کسی مکتب کی سفارش کرنا ہوگی۔

کیا ہم احسان فراموش ہیں؟

پچھلے سال دسمبر میں بھارت نے پاکستان کو پامال کرنے کیلئے۔ مشرقی پاکستان کی علیحدگی کی تحریک کی امداد کا سوانگ بھر کر ہمارے جیالوں کو توپوں اور ٹینکوں سے کچلتے ہوئے جس شرمناک جارحیت کا ثبوت دیا۔ اس پر تمام امن پرست اور انصاف پسند قوموں کے لب جیسے سیئے رہے۔ پاکستانی افواج نے اپنی جان کا نذرانہ وطن پیش کر دیا تاکہ سر جھکا کر جینے کی رسم نہ پڑ جائے۔ لیکن انہیں ہتھیار ڈالنے کا حکم مل گیا۔ اب دس ماہ ہو چکے ہیں۔ ۹۳ ہزار فوجی اور سول افراد بھارتی درندوں کے رحم و کرم پر ہیں۔ آئے دن بھارت کچھ نہ کچھ بہانے تراش کر ان پر اپنی جارحیت کا شکار کر رہا ہے۔

لیکن بڑے دکھ کی بات ہے کہ ہم اپنے وطن کی آبرو اور آن پر مر مٹنے والوں کو بھول گئے ہیں۔ یہ کوئی داستان نہیں ہے۔ ہم یقیناً احسان فراموش بن گئے۔ اگر ہم ملک و ملت پر مر مٹنے والوں کو بھول گئے تو آئندہ آنے والی نسلیں ہمیں کبھی بھی معاف نہیں کریں گی۔

اگر ہمیں ان کا تھوڑا سا بھی پاس ہے تو ہمیں ضرور ان لوگوں کو جھنجھوڑنا ہوگا۔ جو انصاف والی کے دعویدار ہیں۔ اگرچہ ۱۵ اکتوبر کو ٹورنٹو میں بسنے والے پاکستانیوں نے ایک جلوس کا اہتمام کیا۔ لیکن ہم سمجھتے ہیں۔ کہ یہ کافی نہیں۔ اس بھارتی ظلم کے خلاف پریس میں آواز بلند کیجئے اور جنگی قیدیوں پر ہونے والے مظالم سے انہیں آشنا کیجئے۔ ان اسیروں کا غم ہم سب کا اپنا ہی غم ہے۔ خدا کے واسطے اسیروں کو بیگانگی کا احساس نہ ہونے دیجئے۔ ایسا نہ ہو کہ ہمارے ہی جنگی بھائی ہم سے ہی نفرت کرنے لگیں۔

قابل ستائش ہیں وہ تمام پاکستانی بھائی بہن جنہوں نے ۱۵ اکتوبر کو ٹورنٹو میں عدم کی ذلت کے باوجود بھارتی ظلم و تشدد کے خلاف ہونے والے مظاہرے میں بڑھ چڑھ کر حصہ لیا۔ لیکن ہم پھر بھی یہی کہیں گے کہ یہ کافی نہیں۔ کیونکہ دشمن ظالم ہے اور ہر موڑ پر ہم سے ٹکرانے کی اور ہمیں زک پہنچانے کی کوشش کرتا رہیگا۔

تمام پاکستانی بہن بھائیوں سے درخواست ہے کہ وہ کینیڈین اخبارات اور پریس کو اپنے طور پر بھارتی ظلم و تشدد کے خلاف گاہ بگاہ آگاہ کریں۔ بلکہ ٹی وی پر (CH-5, CBC) کے (VIEW POINT) والوں کو اس ظلم کے بارے میں خطوط لکھیں۔ تاکہ ٹی وی والے اپنے پروگرام میں آپ کے جذبات کو پیش کریں۔

۔ ادارہ صدائے پاکستان ۔

لاہور لاہور ہے

احمد ندیم قاسمی

ہندوؤں کو برصغیر میں مسلمانوں کو صرف اپنے خدام کی حیثیت میں رکھنا قبول تھا،

گاندھی نے اپنے آپ کو ایک زیادہ بار موہن لال کرم چند کے روپ میں پیش کیا،


صرف ہندو اور باقی سب خدام

دو قومی نظریے کو ناکام قرار دینے والے دراصل یہ کہنا چاہتے ہیں کہ پاکستان کے زندہ رہنے کا جواز ختم ہو چکا ہے،

مسلمان ایک الگ قوم ہمیشہ سے تھے

دو قومی نظریہ آج بھی زندہ ہے

باقی



پندرہ روزہ
صدائے پاکستان
ٹورنٹو کینیڈا

یکم نومبر ۷۲ء
جلد 1
شمارہ نمبر ۱۵
۱۵ سینٹ

صدر اور پارلیمانی لیڈروں میں آئینی سمجھوتہ

پاکستان میں وفاقی پارلیمانی نظام رائج کیا جائے گا

ایوانِ زیریں کے ۲۱۰ اور سینیٹ کے ۶۰ ارکان ہوں گے صدر کا انتخاب پارلیمنٹ کے ارکان کی قطعی اکثریت سے ہوگا

پاکستان کی تمام سیاسی جماعتوں نے متفقہ طور پر جو آئینی فارمولا تیار کیا ہے اس کے تحت پاکستان میں وفاقی پارلیمانی نظام رائج کیا جائے گا۔ پاکستان کا نام اسلامی جمہوریہ پاکستان ہوگا۔ پاکستان کا سرکاری مذہب اسلام ہوگا۔ ملک کا آئینی سربراہ صدر ہوگا۔ انتظامیہ کے تمام اختیارات وزیراعظم کے پاس ہوں گے۔ صدر وزیراعظم کے مشوروں پر عمل کرنے کا پابند ہوگا جس میں پارلیمنٹ توڑنے کا مشورہ بھی شامل ہے۔ وزیراعظم پر عدم اعتماد کی تحریک کی صورت میں اس کے جانشین کا نام تجویز کرنا لازمی ہوگا۔ پارلیمنٹ میں دو ایوان ہوں گے ایوان بالا کو سینیٹ کہا جائے گا جو ۶۰ ارکان پر مشتمل ہوگا جبکہ ایوان زیریں ۲۱۰ اراکین پر مشتمل ہوگا۔ سینیٹ میں ہر صوبے کے ۱۴ نمائندے ہوں گے جبکہ دو نمائندے اسلام آباد اور قبائلی علاقوں سے ہوں گے۔ پارلیمانی نظام کے تحت صوبوں کے گورنر پارلیمنٹ کے رکن نہیں ہوں گے۔ اس بات پر اتفاق رائے ہوگیا ہے کہ دفاع، کرنسی، وفاقی پیداوار، خارجہ امور، ٹیکس، مواصلات، نیشنل ہائی ویز، بیرونی تجارت اور غیر ملکی امداد کے محکمے مرکز کے پاس رہیں گے۔ صدر لازمی طور پر مسلمان ہوگا اور قرآن و سنت کے منافی کوئی قانون نہیں بنایا جائے گا۔

مندرجہ ذیل فیصلے متفقہ طور پر کئے گئے :-

(۱) نظام حکومت وفاقی پارلیمانی اور قومی اسمبلی کی بالادستی پر مبنی ہے۔ (۲) تمام اقدامات صدر کے نام پر کئے جائیں گے لیکن وزیراعظم انتظامیہ کا سربراہ ہوگا۔ صدر تمام معاملات میں وزیراعظم کے مشورے سے کام کرے گا اور اس کے مشوروں کا ہر لحاظ سے پابند ہوگا (۳) قومی اسمبلی اپنے ارکان میں سے ایک رکن کو وزیراعظم منتخب کرے گی اور اسے صدر حکومت بنانے کی دعوت دے گا۔ (۴) وزیراعظم کو کسی بھی وقت قومی اسمبلی کو توڑ دینے کا اختیار ہوگا خواہ اس وقت قومی اسمبلی میں اس کے خلاف عدم اعتماد کی تحریک ہی کیوں نہ پیش ہو۔ ملک میں استحکام کی ضمانت دینے کے لئے آئین میں مندرجہ ذیل دفعات رکھی جائیں گی اور صوبائی اسمبلیاں بھی قانون سازی میں ان باتوں کا خیال رکھیں گی۔

(۵) وزیراعظم کے خلاف عدم اعتماد کی کوئی تحریک اس وقت تک پیش نہیں کی جا سکے گی جب تک اسی قرارداد میں اس کے جانشین کی حیثیت سے اسمبلی کے کسی دوسرے رکن کا نام پیش نہ کیا جائے (ب) بجٹ اجلاس میں عدم اعتماد کی تحریک پیش نہیں کی جائے گی۔ (ج) ایک دفعہ عدم اعتماد کی ایک تحریک ناکام ہونے کے بعد کم از کم چھ ماہ تک عدم اعتماد کی دوسری تحریک پیش نہیں کی جا سکے گی۔ (د) ابتدا سے پندرہ سال یا تین انتخابات تک ان میں سے جو مدت بھی طویل ہو عدم اعتماد کی ہر ایسی تحریک ناکام تصور کی جائے گی جو قومی اسمبلی کے ارکان کی دو تہائی اکثریت سے منظور نہ ہو (۶) وزیراعظم قومی اسمبلی کا رکن ہوگا۔ دوسرے وزراء یا قومی اسمبلی کے رکن ہوں گے لیکن سینیٹ سے لئے جانے والے وزراء کی تعداد کابینہ میں وزراء کی کل تعداد کے ایک چوتھائی سے زیادہ نہیں ہونی چاہئے (۷) قومی پارلیمنٹ دو ایوانوں پر مشتمل ہوگی۔ ان کے نام قومی اسمبلی (ایوان زیریں) اور سینیٹ (ایوان بالا) ہوں گے۔

ایوان زیریں (قومی اسمبلی) کی تشکیل

(۸) قومی اسمبلی دو سو ارکان پر مشتمل ہوگی جنہیں بالغ رائے دہی کی بنیاد پر براہ راست منتخب کیا جائے گا۔ اس کے علاوہ دس سال کے عرصے کے لئے خواتین کے لئے دس نشستیں مخصوص ہوں گی جنہیں ان کے متعلقہ صوبے سے تعلق رکھنے والے ارکان قومی اسمبلی منتخب کریں گے (۹) قومی اسمبلی میں صوبوں، مرکز کے زیر انتظام قبائلی علاقوں اور وفاقی دارالحکومت کے علاقے کیلئے نشستوں کی تعداد آبادی کی بنیاد پر اور ایک وفاقی قانون کے ذریعے اسے باقاعدہ بنایا جائے گا۔

ایوان بالا (سینیٹ)

(۱۰) سینیٹ ۶۰ ممبروں پر مشتمل ہوگی۔ ہر صوبے کو سینیٹ میں ۱۴ نشستیں حاصل ہوں گی۔ دو نشستیں وفاقی دارالحکومت کے علاقے اور دو نشستیں مرکز کے زیر انتظام قبائلی علاقوں کے لئے مخصوص ہوں گی۔ (۱۱) سینیٹ کے ارکان کا انتخاب اس طرح ہوگا۔ (الف) چاروں صوبوں کی اسمبلیوں کے ارکان اپنے اپنے صوبے کے لئے سینیٹ کے ارکان کا انتخاب کریں گے۔ یہ انتخاب واحد قابل انتقال ووٹ کی بنیاد پر ہوگا تاکہ متعلقہ صوبائی اسمبلیوں کی تمام پارٹیوں کی ان کے تناسب کے حساب سے قومی اسمبلی میں نمائندگی ہو سکے۔ (ب) مرکز کے زیر انتظام قبائلی علاقوں کے ارکان قومی اسمبلی اپنے علاقوں کے لئے سینیٹ کے ارکان منتخب کریں گے (ج) وفاقی دارالحکومت

فارمولے پر دستخط کرنے والے رہنما

راولپنڈی۔ ــــــ (نمائندہ خصوصی) متفقہ آئینی فارمولے پر پارلیمانی گروپوں کے دس رہنماؤں نے دستخط کئے ہیں جن میں قومی اسمبلی کے آزاد ارکان کے نمائندے اور قبائلی علاقوں کے ارکان اسمبلی کے نمائندے بھی شامل ہیں۔ صدر بھٹو نے پاکستان کے صدر اور پیپلز پارٹی کے چیئرمین کی حیثیت سے فارمولے پر دستخط کئے ہیں۔ ان کے علاوہ دوسرے رہنماؤں کے نام یہ ہیں۔ خان عبدالقیوم خان پاکستان مسلم لیگ، سردار غوث بخش بزنجو اور ارباب سکندر خان خلیل نیشنل عوامی پارٹی، مولانا مفتی محمود جمعیت العلمائے اسلام، سردار شوکت حیات خان کونسل مسلم لیگ، میجر جنرل جمال دار خان (نمائندہ قبائلی ارکان)، مولانا شاہ احمد نورانی جمعیت علمائے پاکستان، پروفیسر غفور احمد جماعت اسلامی اور سردار شیر باز مزاری (نمائندہ آزاد ارکان)۔

متفقہ آئینی فارمولا کے اہم نکات

راولپنڈی۔ ــــــ قومی اسمبلی کے پارلیمانی لیڈروں میں جس آئینی ڈھانچے پر سمجھوتہ ہوا ہے اس کے اہم نکات یہ ہیں :-

- نظام حکومت وفاقی پارلیمانی طرز کا ہوگا۔
- دو ایوانوں پر مشتمل قومی پارلیمنٹ ہوگی۔ ایوان زیریں کے ۲۱۰ اور ایوان بالا کے ۶۰ منتخب ارکان ہوں گے۔
- انتظامیہ کا سربراہ وزیراعظم ہوگا جسے قومی اسمبلی کے ارکان میں سے منتخب کیا جائے گا۔
- صدر وزیراعظم کے مشوروں کا پابند ہوگا۔
- وزیراعظم کے خلاف عدم اعتماد کی تحریک اس وقت تک پیش نہیں ہوگی جب تک اسی قرارداد میں قومی اسمبلی کے کسی اور رکن کا نام جانشین کی حیثیت سے تجویز نہ کیا گیا ہو۔
- عدم اعتماد کی ایک تحریک ناکام ہونے کے بعد کم از کم چھ ماہ تک دوسری تحریک پیش نہیں کی جائے گی۔
- پندرہ سال یا تین عام انتخابات تک قومی اسمبلی کی دو تہائی اکثریت سے منظوری کے بغیر عدم اعتماد کی تحریک ناکام تصور کی جائے گی۔
- دس سال کے عرصے کے لئے قومی اسمبلی میں خواتین کی دس نشستیں مخصوص ہوں گی۔
- تمام مالی بل قومی اسمبلی میں پیش اور منظور کئے جائیں گے۔ سینیٹ کا اس معاملے میں کوئی دخل نہیں ہوگا۔
- قومی اور صوبائی اسمبلیوں کی رکنیت کے لئے کم از کم عمر ۲۵ سال، سینیٹ کے لئے ۳۰ سال اور صدر پاکستان کے انتخاب کے لئے ۴۵ سال ہوگی۔

بنگلہ دیش دسمبر میں قیدیوں پر مقدمہ چلائے گا

صدر آزاد اسلام سے قیدیوں کو بنگلہ دیش کے حوالے کرنے کی اپیل

لندن ۲۳ اکتوبر (اے پی پی) بی بی سی کی رپورٹ کے مطابق عام خیال ہے بنگلہ دیش کے وکیل استغاثہ جلد ہی بعجلت جا رہے ہیں۔ جہاں وہ پاکستان کے جنگی قیدیوں سے متعلق پاکستانیوں ان کے جرائم سے متعلق پوچھ گچھ کریں گے۔ معلوم ہوا ہے کہ وہ اپنے ہمراہ جنگی قیدیوں کی فہرست کیا جو ان کے جرائم کی فہرست بھی لیجا رہے ہیں۔ تاہم بنگلہ دیش کے وکیل استغاثہ جناب آزاد اسلام سے درخواست کریں گے کہ پاکستانی جنگی قیدیوں کو ان کے حوالے کیا جائے تاکہ ان پر وہاں مقدمہ چلایا جا سکے۔ یہ بھی کہا جاتا ہے کہ جنگی قیدیوں کے پہلے گروپ پر دسمبر میں مقدمے کی کارروائی شروع ہوگی۔

دوہری شہریت کے قوانین کا نفاذ

اسلام آباد۔ باخبر ذرائع کے مطابق دوہری شہریت کے قوانین کے بارے میں اسمبلی نے اصولی منظوری دے دی ہے۔ توقع کی جاتی ہے کہ اسمبلی کی منظوری ہو جانے کے بعد قوانین کے نفاذ میں اب زیادہ تاخیر نہیں ہوگی۔ بیرونی ملکوں خصوصاً برطانیہ میں مقیم پاکستانیوں میں دوہری شہریت کے قوانین کے نفاذ میں تاخیر سے کافی اضطراب پایا جاتا ہے۔ بہت سے لوگ محض ان قوانین کے نفاذ کے انتظار میں وطن رخصت ہو جانے میں تاخیر کر رہے ہیں۔

امن یا جنگ کے ذریعہ کشمیر کے مستقبل کا فیصلہ ہونے تک کنٹرول لائن عارضی رہے گی : صدر بھٹو

لاہور ــــ (اے پی پی) صدر ذوالفقار علی بھٹو نے کہا ہے کہ ریاست جموں اور کشمیر میں کنٹرول لائن کے تعین میں اصولوں کو قربان نہیں کیا جائے گا۔ انہوں نے آج صبح راولپنڈی سے یہاں پہنچنے کے بعد ایئرپورٹ پر اخبار نویسوں سے باتیں کرتے ہوئے کہا کہ امن یا جنگ کے ذریعہ کشمیر کے مستقبل کا فیصلہ ہونے تک کنٹرول لائن عارضی رہے گی انہوں نے کہا کہ کنٹرول لائن کے تعین میں یہ علاقہ دو دراز علاقہ کا سوال نہیں ہے بلکہ اصل سوال یہ ہے کہ ۱۷ دسمبر ۱۹۷۱ء کو دونوں طرف کی فوجیں کہاں تھیں۔ انہوں نے کہا کہ ایک ہزار مربع میل کا علاقہ ہو یا ڈیڑھ مربع میل کا علاقہ تو فیصلہ شدہ سمجھوتے میں طے شدہ اصول کی بنیاد پر ہوگا۔ صدر نے بتایا کہ صرف ڈیڑھ مربع میل کا علاقہ تصفیہ طلب باقی ہے۔ انہوں نے ایک سوال کے جواب میں کہا کہ قومی حکومت کے قیام کی کوئی ضرورت نہیں ہے۔

انہوں نے یہ بھی کہا کہ ہم نے سیاسی قیدیوں کی رہائی کا کوئی وعدہ نہیں کیا۔ بلکہ ہر مقدمہ کے حالات پر اس کی نوعیت کے اعتبار سے غور کیا جائے گا۔

صدر ذوالفقار علی بھٹو نے آج واشگاف الفاظ میں اعلان کیا کہ متنازعہ ریاست جموں اور کشمیر میں کنٹرول لائن کے تعین کے سلسلے میں اصولوں پر سمجھوتہ نہیں کیا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ ڈیڑھ مربع میل کا علاقہ ایسا ہے جس کے بارے میں سمجھوتہ ہونا باقی ہے۔ ہو سکتا ہے کہ کوئی ادھر یہ کہے کہ اس سمجھوتہ کو کوئی فرق پڑتا ہے لیکن میں ہرگز یہ نہیں کہوں گا یہ اصول کا معاملہ ہے ایک ہزار میل کا رقبہ ہو یا ڈیڑھ میل کا فیصلہ کنٹرول لائن کے اصولوں کی بنیاد پر ہوگا۔ صدر بھٹو نے بتایا کہ جنگ بندی لائن کے سلسلے میں پاکستان کا موقف اصولوں پر مبنی ہے

صدائے پاکستان کے قارئین کی خدمت میں عید مبارک